# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 06 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۶/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست کے 21ویں وزیرِ اعلیٰ کے طور پر دیویندر پھڑنویس حلف بردار؛ ایکناتھ شندے اوراجیت پوار نے نائب وزیرِ اعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔

☆ کل سے اسمبلی کا تین روزہ خصوصی اجلاس؛ 9 دسمبر کو اسمبلی اسپیکر کا انتخاب۔

☆ بیڑ میں گیارہ سال پہلے کے قتل معاملے میں 14 افراد ملزم قرار؛ جبکہ پیٹھن کے ٹرپل قتل معاملے میں مجرم کو عمر قید کی سزا۔

اور۔۔۔☆ بھارت رَتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے 68 ویں مہاپری نروان دِن کیلئے ممبئی میونسپل کارپوریشن تیار۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

دیویندر پھڑنویس نے کل ریاست کے 21 ویں وزیرِ اعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی موجودگی میں ممبئی کے آزاد میدان میں حلف برداری کی تقریب میں مرکزی کابینہ کے کئی اراکین بشمول مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ' بی جے پی اور اتحادی جماعتوں کے مختلف ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ اور مختلف سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ امبانی خاندان سمیت کئی کاروباری شخصیات' اداکارہ مادھوری دکشت اور کرکٹر سچن ٹینڈولکر سمیت کئی شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے حلف برداری تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر گورنر سی پی رادھاکرشنن نے پھڑنویس کو عہدے و رازداری کا حلف دلایا۔

بی جے پی رہنماء دیویندر پھڑنویس نے کل تیسری بار ریاست کے وزیرِ اعلیٰ کے عہدے کا حلف لیا۔ اس سے قبل 2014 سے 2019 تک دیویندر پھڑنویس وزیرِ اعلیٰ کے طور پر پانچ سالہ دور مکمل کر چکے ہیں۔ پھڑنویس 2014 میں 44 سال کی عمر میں وزیرِ اعلیٰ بننے والے' شرد پوار کے بعد دوسرے سب سے کم عمر کے وزیرِ اعلیٰ تھے۔

کل منعقدہ حلف برداری کی تقریب میں ایکناتھ شندے اور اجیت پوار نے نائب وزیرِ اعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔ اجیت پوار ریکارڈ چھٹی مرتبہ ریاست کے نائب وزیرِ اعلیٰ بنے ہیں۔ اسی طرح ایکناتھ شندے وزارتِ اعلیٰ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد نائب وزیرِ اعلیٰ کا حلف لینے والے، دیویندر پھڑنویس کے بعد دوسرے رہنماء بن گئے ہیں۔

گزشتہ ماہ ہوئے اسمبلی انتخابات بھارتیہ جنتا پارٹی، شیوسینا اور راشٹروادی کانگریس نے ایک مہایوتی کے طور پر ایک ساتھ مل کر لڑے تھے۔ ان انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی کو اب تک کی سب سے زیادہ ایسی 132 نشستیں حاصل ہوئی ہیں' جبکہ مہایوتی میں شامل' شیوسینا 57 اور راشٹروادی کانگریس 41 نشستیں جیتنے میں کامیاب ہوئی ہیں۔ نئی اسمبلی میں، حکمراں مہایوتی کے پاس جن سوراجیہ پارٹی، راشٹریہ یووا سوابھیمانی پارٹی، راشٹریہ سماج پارٹی اور آزاد امیدواروں کی حمایت سے 236 سے زیادہ ارکانِ اسمبلی کی اکثریت ہے۔

دریں اثناء وزیرِ اعلیٰ و نائب وزیرِ اعلیٰ کی حلف برداری کے بعد ناگپور، پربھنی، شولاپور، چھترپتی سمبھاجی نگر اور رتنا گیری سمیت ریاست بھر میں مہایوتی کی اتحادی جماعتوں کے کارکنوں نے پٹاخے پھوڑ کر اور مٹھائیاں تقسیم کر کے خوشی منائی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی صدارت میں کل ہوئے پہلے کابینی اجلاس سے پہلے وزیرِ اعلیٰ نے وزیرِ اعلیٰ امدادی فنڈ کے فائل پر پہلی دستخط کی۔ اس کے ذریعے وزیرِ اعلیٰ نے پونے کے مریض چندرکانت کرہاڑے کو پانچ لاکھ روپئے امداد دینے کے احکامات دیئے۔ اس کے بعد ایک صحافتی کانفرنس میں وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ ان کی حکومت لاڈلی بہن اسکیم کو جاری رکھے گی اور اس اسکیم میں اب خواتین کو ہر ماہ اکیس سو روپئے دینے کا ذکر کیا۔

دریں اثناء نومنتخب ارکانِ اسمبلی کی حلف برداری اور اسپیکر کا انتخاب کرنے کیلئے اسمبلی کا خصوصی اجلاس بلایا جائے گا۔ سات آٹھ اور نو تاریخ کو ارکانِ اسمبلی کی حلف برداری ہوگی، جبکہ نو تاریخ کو اسپیکر کا انتخاب ہوگا۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل ایک صحافتی کانفرنس میں کہا کہ وہ وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ جب وہ مہایوتی میں آئے تو شیوسینا کے پاس صرف 40 ارکانِ اسمبلی تھے، اب یہ 60 ہوگئے ہیں، جن ان کے کیے گئے عوامی کاموں کی رسید ہے۔ شندے نے کہا کہ ہم نے پچھلے ڈھائی سالوں میں عوام کیلئے کام کیا ہے اس لیے ہمیں اس انتخاب میں تاریخی اکثریت حاصل ہوئی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج نئی دہلی میں اَشٹ لکشمی فیسٹیول کا افتتاح کریں گے۔ اس تین روزہ فیسٹیول میں شمال مشرقی بھارت کی آٹھ ریاستوں کی ثقافتی، ٹیکسٹائل، دستکاری، سیاحتی مقامات اور منفرد مصنوعات کی نمائش کی جائیگی۔

***** ***** *****

ریزروبینک کی مالیاتی پالیسی کا اعلان آج کیا جائیگا۔ بینک نے فروری 2023 سے چھ اعشاریہ پانچ فیصد ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ شہر کے بالے پیر علاقے میں گیارہ سال پہلے فروطی طلب کرنے پر ہوئے قتل کے معاملے میں کل خصوصی عدالت نے 14 افراد کو تقریباً پانچ سال بعد ملزم قرار دیا ہے۔ پیر کو سزا کا اعلان کیے جانے کا امکان ہے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پیٹھن کے ٹرپل قتل معاملے میں ضلعی عدالت نے مجرم اکشئے جادھو کو ٹرپل عمر قید سمیت تقریباً 40 ہزار روپئے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ قتل کی یہ واردات پانچ سال پہلے پیش آئی تھی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بھارت رَتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے 68 ویں مہاپری نروان دِن کے موقع پر ریاست بھر سے ممبئی کے چیتیہ بھومی آنے والے عقیدت مندوں کیلئے میونسپل کارپوریشن نے بنیادی سہولیات فراہمی کے انتظامات کیے ہیں۔ کارپوریشن کی جانب سے کنٹرول روم، ایمبولنس، طبّی سہولیات، پینے کے پانی کے انتظامات اور بیت الخلاء کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔

چیتیہ بھومی علاقے میں لگائے گئے LED اسکرین پر پروگرام کا راست نشریہ کیا جائے گا۔ دریں اثناء چھترپتی سمبھاجی نگر کے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے داخلی دروازے پر موجود بابا صاحب کے مجسّمے پر خراجِ عقیدت پیش کرنے کی اپیل میونسپل کارپوریشن نے کی ہے۔

***** ***** *****

چھایا پرکاش فاؤنڈیشن کے اس سال کے انعامات کا اعلان کیا گیا ہے۔ اداکار بھرت دا بھولکر، سینئر صحافی کمار کیتکر، اداکار کشور کدم اور نوجوان مصور سدھارتھ شِنگاڑے کو اس سال انعامات سے نوازا جائے گا۔ تقسیمِ انعامات کی تقریب 21 دسمبر کو منعقد ہوگی۔ یہ ایوارڈ ایک لاکھ روپئے نقد اور ایک توصیف نامے پر مشتمل ہے۔ فاؤنڈیشن کے صدر اور دہلی ہائیکورٹ کے سبکدوش جج اجیت شاہ نے بتایا کہ اس پروگرام میں دو اساتذہ کو ایوارڈ سے نوازا جائے گا اور 29 ہونہار طلبہ کو آٹھ لاکھ روپئے کی اسکالرشپ دی جائے گی۔

***** ***** *****

سنگاپور میں جاری اس سال کے فِڑے عالمی شطرنج چمپئن شپ میں بھارت کے ڈی گوکیش اور چین کے ڈِنگ لیرین کے مابین آٹھواں راؤنڈ بھی برابری پر ختم ہوا۔ دونوں کو 4-4 پوائنٹس حاصل ہوئے ہیں اور یہ لگاتار پانچواں راؤنڈ ہے جو انھوں نے ڈراء نہیں کیا ہے۔ ان دونوں کو اس ٹورنامنٹ کا خطاب جیتنے کیلئے فی کس تین اعشاریہ پانچ پوائنٹس کی ضرورت ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور آسٹریلیا کے مابین کھیلی جارہی بارڈر- گاوسکر ٹیسٹ کرکٹ سیریز کا دوسرا میچ آج سے ایڈلیڈ میں کھیلا جائے گا۔ بھارت کو پہلا میچ جیتنے کے بعد سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل ہے۔

***** ***** *****

خواتین کے کرکٹ میں، برسبین میں پہلے ایک روزہ میچ میں آسٹریلیا کے ہاتھوں بھارت کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرنے والی بھارتی ٹیم 35 ویں اوور میں 100 رنز ہی بنا سکی۔ آسٹریلیا نے سترہویں اوور میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر اس ہدف کو عبور کر لیا۔ بھارت کی جانب سے رینو کا سنگھ نے تین اور پریا مشرا نے دو۔ دو وکٹیں حاصل کیں۔

***** ***** *****

آئندہ دو دِنوں میں ریاست کے چاروں ڈویژنوں کے کچھ مقامات پر بارش ہونے کا امکان پونے محکمۂ موسمیات نے ظاہر کیا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر شہر و علاقہ میں آج صبح سے درمیانی بارش ہو رہی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے چار طلبہ یوروپ کے ایسٹونیا میں منعقد ہونے والے عالمی روبوٹکس مقابلے کیلئے روانہ ہو چکے ہیں۔ میونسپل حکام نے اس ٹیم کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

میونسپل انتظامیہ نے جالنہ میونسپل کارپوریشن کی اجازت کے بغیر شہر میں غیر قانونی طور پر ہورڈنگس اور بورڈ لگانے والے 22 اداروں کے خلاف مقدمات درج کیے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی میونسپل انتظامیہ نے کئی مقامات سے بغیر اجازت لگائے گئے بورڈ ضبط کر لیے ہیں۔ میونسپل کمشنر سنتوش کھانڈیکر نے کہا کہ غیر قانونی ہورڈنگز اور بینر کو ضبط کیا جائے گا اور متعلقہ افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے گا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع کھیل دفتر اور نہرو یوتھ سینٹر کے اشتراک سے ضلعی سطح کے یوتھ فیسٹیول کا افتتاح کل کارگذار پولس سپرنٹنڈنٹ یشونت کالے کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس فیسٹیول میں گزشتہ روز مختلف مقابلے منعقد کیے گئے ساتھ ہی نوجوانوں کو سوشل میڈیا کا استعمال اور اس کے مثبت و منفی اثرات کے حوالے سے معلومات فراہم کی گئیں۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے بسمت دیہی پولس اسٹیشن کے ایک پولس جمعدار کو کل پانچ ہزار روپئے رشوت لیتے ہوئے انسدادِ رشوت ستانی محکمے کے دستے نے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ ایک شکایت گذار کے خلاف کوئی کارروائی نہ کرنے کے عوض اس نے یہ رشوت طلب کی تھی۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں :::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست کے 21 ویں وزیرِ اعلیٰ کے طور پر دیویندر پھڑنویس حلف بردار؛ ایکناتھ شندے اور اجیت پوار نے نائب وزیرِ اعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔

☆ کل سے اسمبلی کا تین روزہ خصوصی اجلاس؛ 9 دسمبر کو اسپیکر کا انتخاب۔

☆ بیڑ میں گیارہ سال پہلے کے قتل معاملے میں 14 افراد ملزم قرار؛ جبکہ پیٹھن کے ٹرپل قتل معاملے میں مجرم کو عمر قید کی سزا۔

اور۔۔۔☆ بھارت رتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے 68 ویں مہاپری نروان دِن کیلئے ممبئی میونسپل کارپوریشن تیار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****